جامعہ علوم اثریہ کے ششماہی امتحانات

جامعہ کے شعبہ تحفیظ القرآن الکریم کے امتحانات 4 ربیع الاول بمطابق 3 مارچ بروز منگل شروع ہو کر مورخہ 5 ربیع الاول بمطابق 4 مارچ بروز بدھ اختتام پذیر ہوں گے۔ جبکہ قسم الدراسات الاسلامیہ والعربیہ (شعبہ کتب) کے امتحانات 12 ربیع الاول بمطابق 11 مارچ بروز بدھ شروع ہوں گے اور مورخہ 20 ربیع الاول بمطابق 19 مارچ اختتام پذیر ہوں گے۔ (ان شاءاللہ)

موضع اعوان پور گھوڑہ میں درس قرآن وحدیث

رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر 21 فروری بروز ہفتہ اعوان پور گھوڑہ میں ملک تصدق اعوان کی دعوت پر نماز مغرب کے بعد درس ارشاد فرمایا، درس کے بعد سوال وجواب کی طویل نشست بھی ہوئی۔ اس موقع پر رئیس الجامعہ کے ساتھ مولانا قطب شاہ اور محمود مرزا جہلمی بھی تھے۔ جامع مسجد صوبہ خان اہل حدیث محلہ کے خلیب قاری عبداللطیف نے حمد ونعت پڑھی۔

وفیات

گلفام اختر، ایوب اختر اور عرفان اختر کو صدمہ

مورخہ 15 جنوری بروز جمعرات گلفام اختر (جو کہ لال دین جیولرز ارشد زرگر صاحب کی دوکان پر کام کرتے ہیں)، ایوب اختر اور عرفان اختر کی والدہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ انتہائی بااخلاق خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

فرحت جمال وڈاکٹر ندیم کمال کو صدمہ

مورخہ 26 جنوری بروز سوموار فرحت جمال وڈاکٹر ندیم کمال کے والد عبدالحمید کشمیری وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم صوم وصلوۃ کے پابند اور بہت بااخلاق انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

چوہدری محمد احتشام وساجد الرحمٰن پٹواری (کوٹلہ آئمہ) کو صدمہ

مورخہ 31 جنوری بروز ہفتہ چوہدری محمد احتشام اور ساجد الرحمٰن کی چچازاد ہمشیرہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ صوم وصلوۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے پڑھائی۔

محمود مرزا جہلمی کو صدمہ

مورخہ 21 فروری بروز ہفتہ محمود مرزا جہلمی کی چچی محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ صوم وصلوۃ کی پابند اور بااخلاق خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی جس میں کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

ادارہ ''حرمین'' وجامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)